StudentBounty.com 2010

Roll No. | | | | | |    Answer Sheet No.____________

Sig. of Candidate ____________    Sig. of Invigilator.____________

# اُردو (لازمی) ۔ ایچ ایس ایس سی-II

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

وقت: 25منٹ

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

**سوال نمبر ا:** دیے گئے الفاظ یعنی الف رب رج رد میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) نبی اکرم ﷺ نے پہلی نماز جمعہ کس شہر میں ادا کی؟

الف۔ طائف ب۔ مکہ ج۔ مدینہ د۔ یمامہ

(ii) ظہیر الدین بابر کا مقبرہ کس بادشاہ نے بنوایا تھا؟

الف۔ ہمایوں ب۔ اکبر ج۔ جہانگیر د۔ شاہ جہاں

(iii) شاہ لطیف کس زبان کے بڑے شاعر مانے جاتے ہیں؟

الف۔ پشتو ب۔ سندھی ج۔ بلوچی د۔ پنجابی

(iv) بقراط اور جالینوس کا تعلق کس ملک سے تھا؟

الف۔ ہندوستان ب۔ یونان ج۔ مصر د۔ عراق

(v) سکول ٹیچر عبدالحق کسے اپنا دوست خیال کرتے تھے؟

الف۔ پہاڑوں کو ب۔ دریاؤں کو ج۔ جوتوں کو د۔ پرندوں کو

(vi) نظم ''خمستانِ ازل کا ساقی'' کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ الطاف حسین حالی ب۔ ظفر علی خاں ج۔ جوش ملیح آبادی د۔ اسرار الحق مجاز

(vii) انور مسعود کی وجہ شہرت کس قسم کی شاعری ہے؟

الف۔ سیاسی ب۔ صوفیانہ ج۔ مذہبی د۔ مزاحیہ

(viii) اکبر الہ آبادی نے اپنی شاعری میں کس تہذیب پر تنقید کی ہے؟

الف۔ امریکی ب۔ عربی ج۔ انگریزی د۔ یونانی

(ix) حفیظ تائب نے اپنے نعتیہ کلام میں '' نجوم اہتدا'' کہہ کر کس کی طرف اشارہ کیا ہے؟

الف۔ انبیاء ب۔ صحابہ ج۔ اولیاء د۔ ملائکہ

(x) حالی کی نظم میں 'خاصہ خاصانِ رسلؑ' کسے کہا گیا ہے؟

الف۔ حضرت آدمؑ ب۔ حضرت ابراہیمؑ ج۔ حضرت عیسیٰؑ د۔ حضرت محمد ﷺ

StudentBounty.com 2010

خواجہ میر درد کس صدی عیسوی کے اہم اردو کے شاعر ہیں؟

الف۔ سولہویں ب۔ سترہویں ج۔ اٹھارویں د۔ انیسویں

(xii) ڈراما '' انارکلی '' کا کون سا منظر شامل نصاب ہے؟

الف۔ پہلا ب۔ دوسرا ج۔ تیسرا د۔ چوتھا

(xiii) '' رونق تھی لکھنؤ کی تو آصف سے مصحفیؔ'' اس مصرعے میں شاعر نے کس مشہور اور مقتدر شخصیت کو یاد کیا ہے؟

الف۔ نظام آصف جاہ اوّل ب۔ نظام آصف جاہ دوم ج۔ نواب آصف الدولہ د۔ خانِ خاناں آصف خاں

(xiv) ہنزہ پاکستان کے کس حصے میں واقع ہے؟

الف۔ مشرقی ب۔ مغربی ج۔ شمالی د۔ جنوبی

(xv) غیر مُرَدّف غزل کسے کہتے ہیں؟

الف۔ جس میں ردیف نہ ہو ب۔ جس میں مقطع نہ ہو ج۔ جس میں مطلع نہ ہو د۔ جس میں قوافی کا اہتمام نہ ہو

(xvi) قواعد کی رو سے لفظ '' کیوں کہ'' کو کیا کہا جائے گا؟

الف۔ فعل ب۔ اسم ج۔ حرفِ علت د۔ لاحقہ

(xvii) سادہ اور غیر سوالیہ جملے کے اختتام پر رموزِ اوقاف میں سے کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

الف۔ سکتہ ب۔ قوسین ج۔ ختمہ د۔ واوین

(xviii) جملے میں بہت سے اسم آ جائیں تو پھر فعل کس اسم کے مطابق آئے گا؟

الف۔ پہلے اسم کے مطابق ب۔ دوسرے اسم کے مطابق ج۔ تیسرے اسم کے مطابق د۔ آخری اسم کے مطابق

(xix) 'اگر آپ محنت کریں گے، تو کامیاب ہو جائیں گے '۔ اس جملے میں استعمال ہونے والا لفظ ''اگر'' قواعدِ زباں کی رو سے کیا کہلائے گا؟

الف۔ حرفِ تخصیص ب۔ حرفِ وصل ج۔ حرفِ شرط د۔ حرفِ تردید

(xx) اگر عبارت نقل کرتے وقت اس میں سے کچھ سطور یا الفاظ چھوڑ دیے جائیں، تو اس امر کی نشاندہی کے لیے کون سی علامت استعمال کی جاتی ہے؟

الف۔ علامتِ حاشیہ ب۔ علامتِ تخلص ج۔ علامتِ حذف د۔ قوسین

---

برائے ممتحن: کُل نمبر : 20 حاصل کردہ نمبر: [ ]

StudentBounty.com 2010

# اُردو (لازمی) ۔ ایچ ایس ایس سی -II

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور حصہ سوم: 80

## حصہ دوم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ (۳۶ = ۳ x ۱۲)

(i) نظم ''کرسی نامہ'' کے مطابق کرسی انسان کو کیا سے کیا بنا دیتی ہے؟

(ii) نظم ''فرضی لطیفہ'' کے مجنوں نے لیلیٰ کی ماں کی پیش کش کیوں مسترد کر دی؟

(iii) نظم ''سورۂ رحمٰن'' میں خُدا کی کون کون سی نعمتوں کا ذکر ملتا ہے؟ (یا)

انور مسعود کے بقول طلبہ کا کتاب سے اب کس قسم کا رابطہ ہے؟

(iv) بیگم اختر نے اپنے سفر نامے میں کس بات کو ''زندہ دل شہر کی نشانی'' کہا ہے؟

(v) سراقہ بن جعشم کے کیا مقاصد تھے؟ (بحوالہ سبق ۔ ہجرت مدینہ)

(vi) مولوی صاحب کی ظرافت کے بارے میں فرحت کی کیا رائے تھی؟ (بحوالہ سبق ۔ ایک وصیت کی تعمیل) (یا)

ڈراما ''انارکلی'' سے اکبرِ اعظم کا کس قسم کا تاثر ابھرتا ہے؟

(vii) خواجہ میر دردؔ اپنی غزل میں زاہدانِ شہر کو دستِ سبو پر بیعت کیوں کروانا چاہتے ہیں؟

(viii) ناصرؔ کاظمی کی غزل گوئی میں یاد ایک اہم موضوع ہے۔ تائید یا تردید کیجیے۔

(ix) علامہ اقبالؒ کی شاعری میں عشق کی کیا اہمیت ہے؟ رائے دیں۔ (یا)

غالبؔ کے خیال میں قطرے پر گہر ہونے تک کیا گزرتی ہے؟

(x) لگنا ، چاہنا ، جانا کو بطور امدادی فعل جملوں میں استعمال کیجیے۔

(xi) عبارت میں رموزِ اوقاف کے استعمال کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟ (یا)

واوین کی علامت عبارت میں کہاں استعمال کی جاتی ہے؟ دو مثالیں دے کر واضح کیجیے۔

(xii) مطابقت کے اصولوں کی رو سے ذیل کے جملوں کو درست کر کے لکھیے:

الف۔ کیا آپ نے اخبار خریدی ہے؟ ب۔ معمولی بات پر ماموں بھانجا لڑ پڑا۔

ج۔ ''بانگِ درا'' شائع ہو گیا ہے۔

سوال نمبر۳: بیٹے کے نام خط لکھیں جس میں صبح کی سیر کے فوائد سے آگاہ کیا گیا ہو۔ (۸)

(یا)

پرانے قلم کی آپ بیتی لکھیں۔

StudentBounty.com 2010

## حصہ سوم (کُل نمبر 36)

**سوال نمبر۴:** سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (٦=۴+١+١)

الف: ''دیکھو! آخر مرنا، اوّل مرنا، پھر مرنے سے کیا ڈرنا، مگر تلوار مار کر مرنا ہزار زندگی سے بہتر ہے۔ جینا انھی لوگوں کا ہے، جو آقا کے نمک اور بازوؤں کے زور پر لڑے اور مَردوں کے دفتر میں نام لکھوا کر خُدا کے سامنے سرخ رُو گئے۔ لو! اب یہ قرآن شریف تمہارے سامنے ہے، تُم جانو اور یہ جانے۔''

ب: ''میں اکثر کسی مہم کے ساتھ شامل ہو جاتا ہوں اُن سے کہتا ہوں کہ خیمہ میرا اپنا ہے۔ خوراک میں خود پکالوں گا۔ صرف آپ کے ساتھ سفر کرنا چاہتا ہوں اور اکثر اوقات وہ مان جاتے ہیں۔ پھر ایسا ہوتا ہے کہ پہاڑوں میں مجھے کوئی وادی نظر آجاتی ہے۔ مجھے کہیں کوئی جنگل دکھائی دے جاتا ہے، کوئی آبشار نظر آتی ہے تو میں مہم سے الگ ہو کر اُدھر چلا جاتا ہوں۔''

**سوال نمبر۵:** کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیں: (٦=۴+١+١)

الف:
عالم ہے سو بے عقل ہے جاہل ہے سو وحشی
منعم ہے سو مغرور ہے مفلس سو گدا ہے
چھوٹوں میں اطاعت ہے نہ شفقت ہے بڑوں میں
پیاروں میں محبت ہے نہ یاروں میں وفا ہے

ب۔
قرنوں کے بجھتے انگار ' اک موجِ ہَوا کا دم
صدیوں کے ماتھے کا پسینا ، پتّیوں پر شبنم
دورِ زماں کے لاکھوں موڑ ، اک شاخِ حسیں کا خم
زندگیوں کے تپتے جزیرے پر رکھ کے قدم

**سوال نمبر٦:** درج ذیل میں سے تین اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیں: (٩=۳+۳+۳)

الف۔
زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے
ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے

ب۔
غم اگرچہ جاں گسل ہے، پہ کہاں بچیں کہ دل ہے
غمِ عشق گر نہ ہوتا ، غمِ روزگار ہوتا

ج۔
بے خطر کود پڑا آتشِ نمرود میں عشق
عقل ہے محوِ تماشائے لبِ بام ابھی

د۔
منزلیں گرد کی مانند اُڑی جاتی ہیں
وہی اندازِ جہانِ گُزراں ہے کہ جو تھا

ر۔
سو گئے لوگ اس حویلی کے
ایک کھڑکی مگر کھلی ہے ابھی

**سوال نمبر۷:** درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مفصل مضمون لکھیں: (١٥)

الف۔ میری پسندیدہ کتاب
ب۔ زراعت پاکستان کی شہ رگ ہے۔
ج۔ پاکستان کے تاریخی و سیاحتی مقامات
د۔ عید کے دن کا احوال